# حیسکو پریس رلیز مورخہ 29.09.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔

**حیدرآباد، نوابشاہ، سکرنڈ، قاضی احمد، عمرکوٹ، ٹنڈوالیہار، ٹنڈوآدم، میرپورخاص، شہدادپور، ودیگر علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 1250 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، 07 عدد ٹرانسفارمر اتار لیئے گئے جس میں 15KVA کے 02 عدد، 25KVA کے 03 عدد، 50KVA کا 01 عدد اور 100KVA کا 01 عدد ٹرانسفارمر شامل ہیں۔ جبکہ نادہندگان کے 900 بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ حیسکو ترجمان**

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید کی ہدایات پر نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور بجلی چوری کے خاتمہ کے لیئے پورے حیسکو ریجن میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید کی ہدایت پر حیسکو کی S&I اور دیگر اسپیشل ٹیموں کا نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں۔ حیدرآباد، نوابشاہ، سکرنڈ، قاضی احمد، عمرکوٹ، ٹنڈوالیہار، ٹنڈوآدم، میرپورخاص، شہدادپور، ودیگر علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 1250 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، 07 عدد ٹرانسفارمر اتار لیئے گئے جس میں 15KVA کے 02 عدد، 25KVA کے 03 عدد، 50KVA کا 01 عدد اور 100KVA کا 01 عدد ٹرانسفارمر شامل ہیں۔ جبکہ نادہندگان کے 900 بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی جارہی ہیں واضح رہے کہ حیسکو چیف نے تمام حیسکو افسران کو بلخصوص سپرنٹینڈنگ انجینیرز تمام آپریشن سرکلز اور ایکسئین کو ہدایات دیں ہیں کہ تمام نادہندگان سے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں بصورت دیگر نادہندگان کی بجلی منقطع کردیں اور واجبات کی 100% وصولی تک نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع رہنے دیں، انہوں نے کہا کہ ہر ماہ واجبات کی 100% فیصد وصولی ماہانہ بلنگ کی بنیاد پر کریں۔ تاکہ واجبات کے حجم کو نیچے لایا جاسکے، حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرنا حیسکو کی ذمہ داری ہے مگر نادہندگی کی موجودہ صورتحال میں وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ترقیاتی کام نہیں کرائے جاسکتے، انہوں نے کہا میرا اولین مقصد حیسکو کی ترقی ہے اور میں تمام افسران پر واضح کرتا ہوں کہ وہ سب ایک ٹیم ہوکر محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنے فرائض بہتر طریقے سے سرانجام دیں، جو اچھا کام کرے گا وہ عزت پائے گا اور وہ میری ٹیم کا ممبر ہوگا، لیکن جس کی افسر کی کارکردگی خراب ہوگی تو اس کے خلاف سزا مروجہ قانون کے تحت تجویز کی جائے گی۔ صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشہ زبان۔ حیسکو چیف نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے ذمہ تمام واجبات فی الفور ادا کریں، تاکہ انہیں بجلی کی بہتر ترسیل بلاتعطل فراہمی کی جاسکے، انہوں نے کہا کہ بجلی چوری قانونی اور اخلاقی جرم ہے، جو بھی مجرم پکڑا گیا تو اس کے خلاف مروجہ قانون کے تحت FIR اور جرمانہ عائد کرکے حراست میں بھی لیا جاسکتا ہے۔








حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔